| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 6 پہلا دن | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حفظِ قرآن مجید (سُوۡرَۃُ النَّاسِ) |

## حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- سُوۡرَۃُ النَّاسِ درست تلفّظ کے ساتھ حفظ کر سکیں۔
- سورتوں کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز میں اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں۔
- مُعَوِّذَتَین کی اہمیت و فضیلت جان سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

## سبق کا تعارف: 10 منٹ

تختہ تحریر پر سُوۡرَۃُ النَّاسِ کا نام لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ یہ قرآن مجید کی 114 نمبر سورت ہے اس کی کل 6 آیات ہیں اسے مُعَوِّذَتَین بھی کہتے ہیں۔ طلبہ کو مُعَوِّذَتَین کا مطلب سمجھائیں۔

## طریقہ تدریس: 20 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔ اس کو پڑھنا، سمجھنا اور اس کی تعلیمات پر عمل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔ قرآن مجید پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور برکتیں نازل ہوتی ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم سُوۡرَۃُ النَّاسِ کو درست تلفّظ سے پڑھنا سیکھیں گے اور زبانی یاد کریں گے۔
- طلبہ کو خود سُوۡرَۃُ النَّاسِ کی تلاوت کر کے سنائیں اور انھیں ہدایت دیں کہ ادب اور توجّہ سے تلاوت سنیں۔ انھیں کتاب کا صفحہ نمبر 4 کھولنے کی ہدایت دیں۔ اس صفحے پر لکھی سُوۡرَۃُ النَّاسِ کی طلبہ کو لفظ بہ لفظ تدریس کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ قرآن مجید کو صحیح تلفّظ اور درست ادائی کے ساتھ پڑھنا ضروری ہے۔ اس لیے قرآن مجید کی قواعد تجوید کا خیال رکھتے ہوئے تلاوت کی جائے۔

- پہلے پڑھائے گئے رموزِ اوقاف کی دہرائی کی غرض سے تختۂ تحریر پر یہ علامات لکھیں اور طلبہ سے ان کے متعلق سوالات پوچھیں ○،لا،ع۔
- طلبہ کو سُوْرَۃُ النَّاسِ کی پہلی دو آیات (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ) کی تلاوت کروائیں۔ ہر لفظ پر زور دیں اور مشکل الفاظ کو ہجّوں کے ساتھ پڑھائیں۔ پانچ سے سات بار آیات کی دہرائی کروائیں۔
- طلبہ کو ہدایت دیں کہ اس سورت کو زبانی یاد کریں اور نماز میں پڑھا کریں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

سُوْرَۃُ النَّاسِ کی پہلی دو آیات درست تلفّظ سے پڑھائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پڑھائی گئی پہلی دو آیات زبانی سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھایا گیا سبق گھر میں دہرائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 6 دوسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حفظِ قرآن مجید (سُوْرَةُ النَّاسِ) |

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- سُوْرَةُ النَّاسِ درست تلفّظ کے ساتھ حفظ کر سکیں۔
- سورتوں کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز میں اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں۔
- مُعَوِّذَتَین کی اہمیت و فضیلت جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** **10 منٹ**

تختہ تحریر پر سورت کا نام لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ اس سورت کو مُعَوِّذَتَین کہتے ہیں اسے صبح و شام تین تین بار پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ ہر طرح کے جادو اور بری نظر سے محفوظ رکھتا ہے۔

**طریقہ تدریس:** **20 منٹ**

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 4 سے سُوْرَةُ النَّاسِ کی تلاوت کریں اور طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ بھی آپ کے ساتھ ساتھ پڑھیں۔
- طلبہ سے پوچھیں کہ سُوْرَةُ النَّاسِ کی کتنی آیات ہیں؟ آیات کی تعداد خود بھی گنتے جائیں اور انھیں بتائیں کہ ہم سُوْرَةُ النَّاسِ کی پہلی دو آیات زبانی یاد کر چکے ہیں۔ آج ہم اگلی دو آیات کی تلاوت کرنا سیکھیں گے اور یاد کریں گے۔
- استاد پہلے خود سُوْرَةُ النَّاسِ کی پہلی چار آیات (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝۱ مَلِكِ النَّاسِ ۝۲ اِلٰهِ النَّاسِ ۝۳ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝۴) کی لفظ بہ لفظ تلاوت کریں اور پھر طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ ہر لفظ کو درست مخارج کے ساتھ اعراب کا خیال رکھتے ہوئے ادا کریں۔

- طلبہ کو پہلی چار آیات کی پانچ سے سات بار دہرائی کروائیں تاکہ انھیں ذہن نشین ہو جائیں۔
- طلبہ کو ہدایت دیں کہ سورت کو زبانی یاد کریں اور نماز میں پڑھا کریں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

سُوۡرَۃُ النَّاسِ کی پہلی چار آیات کی تلاوت کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

پڑھائی گئی پہلی چار آیات طلبہ سے زبانی سنیں۔ اچھا سبق سنانے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور جو طلبہ پڑھائی میں کمزور ہیں ان پر توجہ دیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

گھر میں کسی بڑے کو سُوۡرَۃُ النَّاسِ کی تلاوت سنائیں۔

| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 6 تیسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حفظ قرآن مجید (سُوْرَةُ النَّاسِ) |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- سُوْرَةُ النَّاسِ درست تلفّظ کے ساتھ حفظ کر سکیں۔
- سورتوں کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز میں اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں۔
- مُعَوِّذَتَین کی اہمیت و فضیلت جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** **10 منٹ**

تختہ تحریر پر سُوْرَةُ النَّاسِ کا نام لکھیں اور طلبہ کو سُوْرَةُ النَّاسِ کا شانِ نزول بتائیں یہ سورت اور سُوْرَةُ الْفَلَقِ اس وقت نازل ہوئیں، جب کچھ یہودیوں نے آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ پر جادو کرنے کی کوشش کی۔ رسول اکرم خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ رات کو سونے سے پہلے ان سورتوں کی تلاوت کر کے اپنے ہاتھوں پر دم کرتے اور پھر ان ہاتھوں کو پورے جسم پر پھیر لیتے۔

**طریقہ تدریس:** **15 منٹ**

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ سے سُوْرَةُ النَّاسِ کی پہلی چار آیات زبانی سنیں۔ اچھا سبق سنانے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔
- جماعت میں موجود ہر بچے سے سُوْرَةُ النَّاسِ کی آیات کی تلاوت کروائیں تاکہ انھیں سورت زبانی یاد ہو جائے۔ اس بات کا بھی خاص خیال رکھا جائے کہ طلبہ ہر لفظ کو درست مخارج کے ساتھ اعراب کا خیال رکھتے ہوئے ادا کریں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ قرآن مجید کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا چاہیے۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

ترجمہ: اور قرآن مجید کو ترتیل کے ساتھ پڑھو۔ (سورۃ المزمل، آیت نمبر 4)

ترتیل سے مراد یہ ہے کہ قرآن مجید کو درست تجوید کے ساتھ صحیح تلفّظ سے اور ٹھہر ٹھہر کر پڑھا جائے۔

- طلبہ کو سُوۡرَةُ النَّاسِ کی آخری دو آیات (الَّذِیۡ یُوَسۡوِسُ فِیۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ ۙ﴿۵﴾ مِنَ الۡجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿۶﴾) پڑھائیں۔ مشکل الفاظ کو ہجے کر کے پڑھائیں۔ آیات کی پانچ سے سات بار دہرائی کروائیں تاکہ طلبہ ذہن نشین کر لیں۔
- طلبہ کو ہدایت دیں کہ اس سورت کو زبانی یاد کریں۔

**اعادہ:**

N/A

**جائزہ:** 5منٹ

طلبہ سے سُوۡرَةُ النَّاسِ کی تلاوت زبانی سنیں اور جن طلبہ کو پڑھنے میں دِقّت محسوس ہو انھیں لفظ بہ لفظ تدریس کروائیں۔

**گھر کا کام:** 5منٹ

سُوۡرَةُ النَّاسِ درست تلفّظ سے یاد کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

⟸ سُوۡرَةُ النَّاسِ سے متعلق معلومات لکھیں۔

# سُوۡرَةُ النَّاسِ

آیات کی تعداد ____________________

پارہ نمبر ____________________

سورت نمبر ____________________